پریس ریلیز

گوجرانوالہ 06 نومبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ گوجرانوالہ میں یشفین کارڈیک اینڈ جنرل ہسپتال کا قیام انتہائی خوش آئند ہے۔انہوں نے کہا کہ اٹاوہ کے قریب 16 کنال پر مشتمل اور 2 ارب روپے کی خطیر رقم سے دل کے امراض کا جدید ہسپتال امریکہ سے اعلیٰ تعلیم یافتہ معروف ڈاکٹر اعجاز احمد کی زیرنگرانی بننے جارہا ہے جن کا شمار دنیا میں صفحہ اول میں کیا جاتا ہے۔جس میں انٹرنیشنل لیول کے معیار کے مطابق امراض قلب میں مبتلا افراد کا بہترین علاج کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ میں ڈاکٹر اعجاز احمد کے جذبہ خدمت انسانیت کی تعریف کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنا ملک کی خدمت کرنے کیلئے گوجرانوالہ میں انٹرنیشنل سٹینڈرز کے مطابق ہسپتال کے قیام کی بنیاد رکھی ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے یشفین کارڈیک اینڈ جنرل ہسپتال کی افتتاحی تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر سابق صدر گوجرانوالہ چیمبر اخلاق احمد،خواجہ ضرار کلیم ،سعید احمد تاج ،محمد شعیب بٹ ،سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل ،سابق نائب صدور باؤ امتیاز،عرفان یعقوب چاند بٹ جبکہ سابق وفاقی وزیر انجینئر خرم دستگیر کے علاوہ ممتاز تاجروں وصنعتکاروں نے شرکت کی۔جبکہ اس افتتاحی تقریب کے تمام انتظامات سابق رکن چیمبر عاصم شہزاد کی زیرنگرانی میں کیئے گئے ۔

اس موقع پر ڈاکٹر اعجاز احمد نے شرکاء سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس ہسپتال کے قیام کے مقصد گوجرانوالہ اور گردونواح کے دل کے امراض میں مبتلا افراد کو انٹرنیشنل سطح کے مطابق علاج کی جدید سہولتیں میسر کرنا ہے انہوں نے کہا کہ مجھ سمیت ہسپتال وہ تمام ڈاکٹرز اپنے فرائض سرانجام دیں گے جو تمام کے تمام امریکن ڈگری ہولڈر ہیں۔ ہمارا مقصد اپنے ملک میں خدمت کرنا ہے اسی جذبہ کے تحت ہسپتال کا قیام کیا جارہا ہے۔